**تعلقات عامہ دفتر**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی**

July 24, 2024

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سینٹر فار ڈسٹینس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (سی ڈی او ای) نے پراسپکٹس دو ہزار چوبیس۔پچیس کے ساتھ ساتھ ذولسانی نیوز لیٹر اور آفیشیل یوٹیوب چینل جاری کیا

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (سی ڈی او ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ تین جولائی دو ہزار چوبیس کو سینٹر کے کانفرنس روم میں اپنا ذولسانی نیوز لیٹر 'دی سی ڈی او ای پوسٹ' سی ڈی او ای پراسپیکٹس دو ہزار چوبیس پچیس اور سی ڈی او ای کا آفیشیل یوٹیوب چینل 'سی ڈی او ای جے ایم آئی آفیشیل' جاری کیا۔ پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اس لانچ پروگرام کے مہمان اعزازی تھے۔ چیف پراکٹر پروفیسر محمد شاہد خان، سی پی آئی او ڈاکٹر مقصود احمد ملک اور یونیورسٹی کے دیگر عہدیدار اس موقع پر موجود تھے۔

پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد میاں نے ذولسانی نیوز لیٹر، سی ڈی او ای کے پراسپیکٹس دو ہزار چوبیس پچیس اور سی ڈی او ای کے آفیشل یوٹیوب چینل کو ایک پر رونق تقریب میں مشترکہ طور پر جاری کیا۔

سی ڈی ای او کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر جسیم احمد نے اس موقع پر سینٹر کا دورہ کرنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ سر دست سینٹر میں سترہ ہزار طلبا ہیں اور چوبیس پروگرام چل رہے ہیں۔ انھوں نے مرکز کو درپیش چیلنجیز کے سلسلے میں بات کی اور وقت رہتے ہوئے ان کے حل کے سلسلے میں ایک جامع خاکہ بھی پیش کیا۔ پروفیسر جسیم نے مرکز کے اغراض و مقاصد کے حصول اور قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کے اہداف کے حصول کے سلسلے میں سینٹر کے فروغ کے لیے دونوں ممتاز مدعوین سے ان کا بیش قیمت تعاون چاہا۔

سی ڈی او ای کے اعزازی ڈائریکٹر کی پیش کردہ رپورٹ پر پروفیسر محمد میاں نے مسرت اور اطمینان کا اظہار کیا۔ مرکز کے خوش اسلوبی سے کام کرتے رہنے کو یقینی بنانے کے سلسلے میں انھوں نے مستقبل کے تقاضوں اور ضروریات کے لیے پیشگی تیاری کی ضرورت پر زور دیا۔

انھوں نے سینٹر کو مزید اونچائیوں تک لے جانے کے لیے اجتماعی ذمہ داری پر زور دیا اور کہا کہ فاصلاتی اور آن لائن وضع

جامعہ کی مقبولیت اور اس کی رسائی کو بہتر کر رہا ہے۔سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بنیاد گزار ڈائریکٹر کی حیثیت سے اپنے دور کی چند اہم باتیں بھی سامعین سے ساجھا کیں۔

پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سی ڈی او ای ذولسانی نیوز لیٹر، سی ڈی او ای پراسپیکٹس دو ہزار چوبیس پچیس کی اشاعت اور سی ڈی او ای آفیشیل یوٹیوب چینل کے لانچ کے لیے پروفیسر جسیم احمد کی کوششوں کی تعریف کی۔انھوں نے آن لائن اور آف لائن امتحانات میں ہونے والی بے ضابطگیوں کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔پروفیسر شکیل نے کہا کہ امتحان کے معیار کو بہتر کرنے سے اہل اور باصلاحیت طلبا سامنے آئیں گے جس سے سینٹر کے وقار میں اضافہ ہوگا۔سینٹر کے بطور ڈائریکٹر اپنے زمانے کو یاد کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ انھوں نے کویت میں بی ایڈ پروگرام کے لیے لرننگ سپورٹ سینٹر قائم کیا تھا اور سی ڈی ای او میں بی ایڈ انٹرنس امتحان میں او ایم آر سسٹم متعارف کرایا تھا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی